## سوال

(08) مسجد نبوی کے توسیع شدہ حصے میں نماز کا حکم

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

کیا مسجد نبوی کے توسیع شدہ حصہ میں چھتریوں کے نیچے نماز پڑھنا بھی اسی طرح ہے جس طرح مسجد نبوی کے اندر نماز ادا کرنا؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

وہ مقامات جو توسیع کے وقت مسجد نبوی میں داخل ہو جائیں تو ان کا حکم بھی مسجد ہی کا ہے لہذا مسجد نبوی میں جو اضافہ و توسیع کی گئی اور جن مقامات کو اس میں داخل کر دیا گیا ان کا حکم بھی مسجد نبوی ہی کا ہے کہ وہاں اجر و ثواب زیادہ ملتا ہے، اگرچہ پہلی اور دوسری صفوں میں نماز ادا کرنے کے اعتبار سے اجر و ثواب میں یقینا فرق ہو گا۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

**مساجد کے احکام: ج 2 صفحہ 26**